© rasailojaraid.com



**تقاریر اجتماعِ عام** پیش کش: مولانا فتح محمد امیر جماعت اسلامی صوبہ پنجاب (منصورہ، لاہور)
ناشر: جماعتِ اسلامی صوبہ پنجاب - خوبصورت کاغذ و طباعت مع رنگین دبیز ٹائیٹل - صفحات: ۳۳۸
قیمت درج نہیں -

یہ وہ تقاریر ہیں جو صوبہ پنجاب کی جماعتِ اسلامی کے اجتماعِ عام منعقدہ اپریل ۸۰ء میں منصورہ کے متصل کی گئیں - تقریباً ہمارے تمام ہی اکابر و عمائد اور دانشور احباب کی تقریریں جمع ہیں اور سب مختلف ضروری موضوعات پر ہیں، نیز سب کا اپنا اپنا انداز تنوع پیدا کرنے کا سبب ہے - ان تقریروں میں گرد و پیش کے احوال، دورِ رواں کی مجمل تاریخ اور اس کے ساتھ جماعتِ اسلامی کے افکار اور سرگرمیوں پر روشنی ڈالی گئی ہے -

افسوس یہ ہے کہ غلطیاں حدِ اعتدال سے زیادہ رہ گئیں -

---

**اسلامی جنگ اور عالمی انقلاب** مصنف: رانا صابر نظامی - ناشر: ادارہ تفہیم الاسلام، قذافی مارکیٹ اُردو بازار، لاہور -

رانا صاحب چمنستانِ قلم کے عندلیبانِ مشہور میں سے ہیں - یہ کتاب اُنہوں نے اصل میں تو لکھی ہے اسلام کی دعوتِ جہاد پر جو ظلم و فساد سے ماری ہوئی دُنیا کے لیے واحد ذریعۂ فوز و فلاح ہے - اِس میں جہاد کے بہت سے احکام اور جہاد کا دوسرے مذاہب اور فلسفوں کے تصوّرِ جنگ سے موازنہ بھی کیا گیا ہے - مگر رانا صاحب کی اس ضربتِ جہاد کا خاص ہدف نظامِ سرمایہ داری ہے اور اسی کے ساتھ دوسرا نشانہ کمیونزم بھی ہے - دیباچے میں انہوں نے اور بھی وضاحت کر کے بتا دیا ہے کہ اسلامی جنگ "انسان کے حقِ حکمرانی" کے خلاف ہے، نہ کہ حقوقِ انسانی کے خلاف! اسی طرح یہ ظلم و ستم کے خلاف ہے (ص ۸) دراصل وہ سرمایہ داری کو اسلامی انقلاب کی راہ میں شدید مزاحم پاتے ہیں - اس لیے اس کے خلاف بھی جہاد کو ضروری سمجھتے ہیں -

البتہ ص ۹ پر دیا ہوا عنوان ــ " برسوں کا سیاسی نعرہ ــ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ " حقیقت کا ہم آہنگ نہیں - اسے "نعرہ" قرار دینا ہی اس کی عظمت کو کم کرنا ہے - وہ دراصل ایک کلمہ، ایک پیغام اور ایک دعوت ہے -

اُمید ہے کہ کتاب کے قارئین مؤلف کی اچھی نیت کو ملحوظ رکھیں گے -

---

© rasailojaraid.com